ساہتیہ اکیڈمی کی تقسیم ’ایوارڈ برائے ادب اطفال‘ کی تقریب کل

۲۳؍ہندوستانی زبانوں کے بچوں کے ادباء کو ایوارڈ سے نوازا جائے گا

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے تقسیم ’ایوارڈ برائے ادب اطفال‘ کی تقریب بروز جمعرات ۹؍نومبر ۲۰۲۳ء کو شام ۵؍بجے تروینی آڈیٹوریم، تان سین مارگ میں منعقد کی جائے گی، جس میں ۲۳؍ہندوستانی زبانوں کے بچوں کے ادباء کو ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ یہ ایوارڈ ساہتیہ اکیڈمی کے صدر مادھو کوشک کے ذریعہ پیش کیے جائیں گے۔ ایوارڈ تقریب کے مہمان خصوصی نامور انگریزی ادیب اور اسکالر ہریش ترویدی ہوں گے اور ساہتیہ اکادمی کے نائب صدر کمود شرما اختتامی کلمات پیش کریں گے، جن ادباء کو ایوارڈ برائے ادب اطفال ۲۰۲۳ء پیش کیا جائے گا ان میں رتیندر ناتھ گوسوامی (آسامی)، شیاملکانتی داش (بنگالی)، پرتیما نندی نارجاری (بوڈو)، بلوان سنگھ جموڑیا (ڈوگری)، سودھا مورتی (انگریزی)، رکشا بھین (گجراتی) سوریہ ناتھ سنگھ (ہندی)، وجے شری ہلاڈی (کنڑ)، توکارام راما شیٹ (کونکنی)، اکشے آنند سنی (میتھلی)، پریا اے ایس (ملیالم) دلیپ نانما کھم (منی پوری)، ایکناتھ اوہاد (مراٹھی)، مدھوسودن بشت (نیپالی)، جگل کشور شادنگی (اوڈیا)، گرمیت کڑیالوی (پنجابی)، کرن بادل (راجستھانی)، رادھاولبھ ترپاٹھی (سنسکرت)، مان سنگھ ماجھی (سنتالی)، ڈھولن راہی (سندھی) کے ادے شنکر (تمل)، ڈی کے چدوول بابو (تیلگو) اور مرحوم متین اچلپوری (اردو) کے نام قابل ذکر ہیں، اس سال کشمیری زبان میں کوئی ایوارڈ نہیں دیا گیا۔

۱۰؍نومبر ۲۰۲۳ء کو ساہتیہ اکیڈمی کی پہلی منزل پر واقع آڈیٹوریم میں ایوارڈ یافتگان کے ساتھ ’لیکھا سمیلن‘ کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس میں ایوارڈ یافتگان قبولیت کے بیانات اور تخلیقی تحریری تجربات کا اشتراک کریں گے۔ اس پروگرام کی صدارت ساہتیہ اکیڈمی کے نائب صدر کمود شرما کریں گے۔